نقد و تبصرہ

قصاص و دیت

ترجمہ و ترتیب : محمد میاں صدیقی

نظر ثانی : مولانا عبدالقدوس ہاشمی

ناشر : ادارہ تحقیقاتِ اسلامی۔ الجامعۃ الاسلامیہ۔ اسلام آباد

صفحات : ۲۶۰ قیمت : درج نہیں

ارض پاکستان میں رائج الوقت قوانین کو اسلام کے سانچے میں ڈھالنے کی کوشش جاری ہے اس کی وجہ سے قانونی پیشے سے منسلک لوگوں میں اسلامی سرمایۂ قانون کے مطالعہ کی شدید خواہش پیدا ہوئی ہے۔ بعض مصادر قانون مثلاً فتاوی عالمگیری اور الہدایہ کے پہلے سے موجود اردو اور انگریزی تراجم کے جدید ایڈیشن شائع ہوئے ہیں مگر ان کے علاوہ بہت سے دوسرے بنیادی ماخذوں کے تراجم موجود نہ ہونے سے جدید تعلیم یافتہ اہل ضرورت ان سے استفادہ نہیں کر سکتے۔ اس احساس کے پیش نظر ادارہ تحقیقاتِ اسلامی نے "تراجم مصادرِ قانونِ اسلامی" کا منصوبہ بنایا ہے جس کے تحت اہل سنت کے مذاہب اربعہ اور فقہ جعفری کے مستند مصادر کے ان تمام حصوں کا اردو ترجمہ نو ۹ جلدوں میں موضوع وار شائع کر دیا جائے گا جن سے متعلق اسلامی قوانین نافذ ہو چکے ہیں۔ اس سلسلہ کی پہلی جلد "حدود و تعزیرات" کے نام سے شائع ہوئی ہے۔ دوسری جلد قصاص و دیت سے متعلق مصادرِ قانون اسلامی کے تراجم پر مشتمل ہے۔

زیر نظر جلد مولانا محمد میاں صدیقی صاحب کی کاوش کا نتیجہ ہے۔ ادارہ تحقیقات اسلامی

کے رفقا میں سے صاحبزادہ ساجد الرحمٰن اور جناب علی احمد انصاری نے ترجمہ و ترتیب میں مترجم سے تعاون کیا ہے۔ معروف عالم دین مولانا عبد القدوس ہاشمی نے نظر ثانی کی ہے۔ کتاب سترہ ۱۷ ابواب میں منقسم ہے۔ ابتدائی دو ۲ ابواب میں قرآن اور حدیث کے حوالے یکجا کئے گئے ہیں۔ باقی ابواب میں المبسوط، الہدایہ، فتاویٰ عالمگیری، دُرِ مختار، المدونۃ الکبریٰ، بدایۃ المجتہد، کتاب الام، الاقناع اور المغنی وغیرہ سے موضوع سے متعلق حصوں کا مناسب ترتیب سے ترجمہ دیا گیا ہے۔ جناب مترجم نے غیر ضروری تکرار سے بچنے کے لئے مختلف کتابوں کے یکساں مواد کا پورا ترجمہ نقل کرنے کے بجائے جامع خلاصہ دینے پر اکتفا کیا ہے۔ بعض مواقع پر انہوں نے تشریحی فوائد کا اضافہ کیا ہے جو جدید تعلیم یافتہ قاری کے لئے فائدہ مند ہے۔ مترجم کا اندازِ بیان عام فہم اور ترجمہ سادہ ہے۔ امید ہے کہ یہ سلسلہ تراجم اسلامی قانون کے طلبہ، وکلاء اور عدالتوں کے جج صاحبان میں مقبول ہو گا۔

(اختر راہی)